## سندھ میں 19 جون 1992ء کو فوجی آپریشن کے دوران شہید ہونے والے ایم کیوایم کے ہزاروں معصوم و بے گناہ کارکنوں اور ہمدردوں کا خون نواز شریف کی گردن پر ہے۔ سلیم شہزاد

## میاں نواز شریف سندھ میں بدترین فوجی آپریشن کرنے اور عوام پر بدترین ریاستی مظالم ڈھانے پر قوم سے معافی مانگیں

لندن۔۔۔26مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف 19 جون 1992ء کو سندھ میں بدترین فوجی آپریشن کرنے اور سندھ کے عوام پر بدترین ریاستی مظالم ڈھانے پر قوم سے معافی مانگیں ۔ اپنے ایک بیان میں سلیم شہزاد نے کہا کہ دوستوں اور ساتھ دینے والوں کی پیٹھ میں چھرا گھونپنا نواز شریف کی عادت ہے اور ان کا ماضی اور حال اس سے داغ دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ماضی میں نواز شریف کا ساتھ دیا لیکن نواز شریف نے ایم کیوایم ہی کو دھوکہ دیا۔ نواز شریف نے 1992ء میں سندھ میں فوجی آپریشن کے بارے میں قوم سے جھوٹ بولا کہ یہ آپریشن 72 بڑی مچھلیوں کے خلاف ہوگا لیکن دنیا نے دیکھا کہ یہ فوجی آپریشن صرف اور صرف ایم کیوایم کے خلاف ہوا۔ 19 جون 1992ء کو ایم کیوایم کے خلاف میں شروع ہونے والے فوجی آپریشن کے دوران ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنوں کو شہید و زخمی کیا گیا، ہزاروں کو سرکاری ٹارچر سیلوں میں اذیتوں کا نشانہ بنایا گیا، گھروں کو لوٹا گیا، خواتین کے ساتھ بدتمیزی کی گئی، بستیوں کے محاصرے کئے گئے تلاشی کے نام پر لوٹ مار کی گئی، چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا گیا اور ظلم و بربریت کے پہاڑ توڑے گئے ۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ سندھ میں ہونے والے فوجی آپریشن کے دوران شہید ہونے والے ایم کیوایم کے ہزاروں معصوم و بے گناہ کارکنوں اور ہمدردوں کا خون نواز شریف کی گردن پر ہے لہٰذا نواز شریف کو سندھ میں بدترین فوجی آپریشن کرنے اور اس کے بارے میں قوم سے جھوٹ بولنے پر پوری قوم خصوصاً سندھ کے عوام سے معافی مانگیں۔

## چین کی کمیونسٹ پارٹی کے چھ رکنی وفد کی ڈاکٹر فاروق ستار اور حیدر عباس رضوی سے ملاقات

## پاک چین تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں مزید تعاون بڑھانے پر بات چیت

اسلام آباد۔۔۔26، مارچ2008ء۔۔۔چین کی کمیونسٹ پارٹی کے چھ رکنی وفد نے پارٹی کے رہنما لیو ہاگ کائے (Mr.Liu Haug Cai) کی سربراہی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک چین تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے دونوں ممالک کے درمیان تجارت ، سیاحت و ثقافت اور دیگر شعبوں میں مزید تعاون بڑھانے کی کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے چین کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے کامیاب تجربوں کو استعمال کرنے اور دونوں ممالک کے مختلف شہروں کے درمیان وسیع تر تعاون کے امکانات پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ تعمیر و ترقی کا جاری عمل مزید تیز ہو اور بنیادی شہری ضرورتوں کے ڈھانچے میں انقلابی تبدیلی لانے کیلئے دونوں ممالک ایک دوسرے کے تجربے سے فوائد حاصل کرسکیں ۔ چین کے وفد نے ایم کیو ایم کو حالیہ انتخابات میں شاندار کامیابی پر مبارکباد دی اور قومی مفاہمتی عمل میں شامل ہونے اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی غیر مشروط حمایت کرنے کے عمل کو سراہا۔

## ایم کیوایم کسی ایک قومیت کی نہیں بلکہ تمام مظلوموں کی نمائندہ جماعت ہے، شاہد لطیف

## شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔26، مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا ہے کہ حالیہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی بھرپور کامیابی سے ثابت ہوگیا ہے کہ ایم کیوایم کسی ایک قومیت یا گروہ کی جماعت نہیں بلکہ پاکستان بھر کے غریب اور مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ شاہد لطیف نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی سچائی اب ہر قومیت اور برادری کے لوگوں کے دلوں میں گھر کرچکی ہے جبکہ ماضی میں ایک گھناؤنے اور سازشی منصوبے کے تحت ایم کیوایم کو ملک بھر میں بدنام کرنے کیلئے اسے لسانی جماعت قرار دیا گیا، دہشت گرد اور طرح طرح کے شرمناک الزامات عائد کئے گئے لیکن الحمدللہ جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد کے باعث

ملک بھر کے عوام میں ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے جانے والے منفی پروپیگنڈے کا اثر زائل ہو چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض سازشی عناصر اب بھی ایم کیوایم کے خلاف اپنے مذموم عزائم رکھتے ہیں کیونکہ ایم کیوایم نے ملک میں برسوں سے رائج فرسودہ نظام کی تبدیلی کیلئے عملی جدوجہد کی ہے اور انشاءاللہ تمام تر سازشوں کے باوجود ایم کیوایم اپنے اصولوں سے پیچھے نہیں ہٹے گی اور ملک سے فرسودہ نظام کی تبدیلی کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔شاہد لطیف نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ تحریکی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں اور ملک کے نازک حالات میں ایم کیوایم کی جدوجہد کو وہ رخ دیں جو ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کی جانب ہی جاتا ہو۔

## اے پی ایم ایس او کے تحت چھٹا پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ ولیکا اسٹیڈیم میں جمعرات کو ہوگا

کراچی ۔۔۔26، مارچ 2008ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام چھٹا پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ 27، مارچ جمعرات کو صبح 11 بجے ہوگا۔ ٹورنامنٹ کا انعقاد ولیکا اسٹیڈیم کراچی یونیورسٹی میں کیا گیا ہے۔ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی، ممتاز آتھو پیڈک سرجن ڈاکٹر محمد علی شاہ اور ڈاکٹر مزمل قریشی بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

## ایم کیوایم کورنگی، لیاقت آباد اور گلشن حدید سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن خالد پپو کی والدہ محترمہ سعیدخاتون، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن محمد عدنان کے والد محمد علی اور ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یونٹ گلشن حدید کے کارکن راشد کے والد تراب خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ہمایوں زیدی مرحوم کا سوئم
## رابطہ کمیٹی، نومنتخب اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، یوسی ناظمین، کونسلرز، کارکنان، زونل انچارجز وکمیٹیوں کے اراکان اور کارکنوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی ۔۔۔26، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ہمایوں زیدی مرحوم کا سوئم آج ان کی رہائشگاہ ابوالحسن اصفہانی روڈ شیرٹن ہائیٹس میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور مرحوم کی تحریکی خدمات کو سراہا گیا۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، نومنتخب حق پرست اراکین قومی اسمبلی صفیان یوسف، ڈاکٹر ندیم احسان، عبدالوسیم، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، اراکین سندھ اسمبلی خالد بن ولایت ایڈوکیٹ، نثار پہنور، شیخ محمد افضل، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک، کمیٹی کے دیگر اراکین، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان، شعبہ خواتین کی اراکین، ایم کیوایم اندرون سندھ کے زونل انچارجز وکمیٹیوں کے اراکین اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں رابطہ کمیٹی اور نومنتخب حق پرست اراکین اسمبلی اور شعبہ جات کے ذمہ داران نے مسجد خیر العمل انچولی میں ہمایوں زیدی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے منعقدہ مجلس میں بھی شرکت کی اور مرحوم کی قبر پر جا کر فاتحہ خوانی کی۔

## 29، مارچ کو ایم کیوایم یو کے یونٹ کے زیر اہتمام اظہار یکجہتی جلسہ اور میوزیکل پروگرام منعقد کیا جائے گا
## رابطہ کمیٹی کے ارکان، یو کے آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، مختلف کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے پاکستانی شرکت کریں گے

لندن ۔۔۔26، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے زیر اہتمام مورخہ 29، مارچ 2008ء کو ''اظہار یکجہتی'' جلسہ اور میوزیکل پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ یہ

تقریبات ہفتہ کے روز شام 5 بجے سپنھم کمیونٹی سینٹر سلاؤ SL1 5DJ میں منعقد کی جائیں گی جن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم یو کے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، کارکنان اور برطانیہ میں مقیم مختلف کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے جبکہ معروف فنکار اپنے فن کا مظاہرہ بھی کریں گے۔ اظہار یکجہتی جلسہ سے قبل پریس کانفرنس منعقد کی جائے گی جس سے برطانیہ میں مقیم پاکستان کی مختلف کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد خطاب کریں گے۔ ایم کیوایم برطانیہ کی جانب سے اظہار یکجہتی جلسہ اور میوزیکل پروگرام کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی اور شرکاء کو دعوت نامے جاری کئے
جارہے ہیں۔

☆☆☆☆☆